Press Release by Ministry of Health and Family Welfare (13.03.2020)

March 13, 2020

وزارت صحت اور خاندانی بہبود کی جانب سے پریس ریلیز (13.03.2020)

13 مارچ، 2020

حکومت ہند نے ریاستوں/ یونین علاقوں کے ساتھ مل کر کووڈ 19 کی روک تھام، کنٹینمنٹ اور اس سے نمٹنے کے لئے متعدد قبل از وقت، بروقت اور فعال اقدامات اٹھائے ہیں۔ اعلی سیاسی اور انتظامی سطح پر صورتحال کا مسلسل جائزہ لیتے ہوئے اور نگرانی کرتے ہوئے عوامی مفادات میں وبا کی روک تھام کے لئے قبل از وقت اور فیصلہ کن اقدامات کے گئے ہیں جن میں سفر کی پابندیاں، ویزوں کی معطلی اور ذاتی قرنطینہ کے اقدامات شامل ہیں۔

بندرگاہوں پر جہازوں اور ہوائی اڈوں پر سبھی مسافروں کی اسکریننگ اور انٹری پوائنٹ پر سرویلانس کا ابتدائی قیام، اس کے ساتھ ساتھ کووڈ 19 متاثرہ ممالک سے ہندوستانی شہریوں کا انخلا، مناسب لیبارٹری اور قرنطینہ کی سہولیات کی فراہمی نے ملک میں کووڈ 19 کی روک تھام اور اس سے نمٹنے میں بے حد تعاون کیا ہے۔

تمام ضروری سہولیات جیسے کمیونٹی سرویلانس، قرنطینہ کی سہولیات، مریضوں کو الگ تھلگ رکھنے کے وارڈز، کافی مقدار میں پی پی ای کی فراہمی، تربیت یافتہ عملہ، جلد رسپانس کرنے والی ٹیموں کی موجودگی کو تمام ریاستوں اور یونین علاقوں میں مزید مضبوط کیا جارہا ہے۔

ابھی تک حکومت ہند نے مالدیپ، میانمار، بنگلہ دیش، چین، امریکہ، مڈغاسکر، سری لنکا، نیپال، جنوبی افریقہ اور پیرو جیسے ممالک سے 48 شہریوں سمیت 1031 افراد کو نکالا ہے۔

ابھی تک کوویڈ 19 متاثرہ ممالک سے 890 نکالے گئے افراد، 14 دن کی آئسولیشن اور پروٹوکول کے مطابق کوویڈ نیگیٹیو ٹیسٹ ہونے کے بعد ڈسچارج ہوچکے ہیں۔

یکم فروری اور 3 فروری 2020 کو چین کے ووہان شہر سے 654 نکالے گئے افراد کو 18 فروری 2020 کو ڈسچارج کیا گیا تھا۔

جاپان سے نکالے گئے 124 افراد اور چین سے نکالے گئے 112 افراد کو آج دوسرے مرحلے میں کوویڈ نیگیٹیو ٹیسٹ ہونے کے بعد ڈسچارج کیا گیا ہے۔

حکومت ہند نے کسی بھی بڑے کوویڈ 19 متاثرہ ملک سے ہندوستانی شہریوں کے انخلا کے لئے انتھک کوشش کی ہے۔ ہندوستان نے سائنسدان، لیبز کے لئے سامان، کیمیکل ری ایجنٹس کو دوسرے ملک میں بھیجا ہے، اس کے علاوہ جانچ کے لئے ملک میں سیمپل واپس لایا ہے۔ اب تک ایران میں 1199 سیمپل اکٹھا کیے جا چکے ہیں اور جانچ کے لئے ہندوستان لائے گئے ہیں۔

10 مارچ 2020 کو ہندوستانی فضائیہ کی خصوصی پرواز کے ذریعہ ایران سے 58 مسافروں کو واپس لایا گیا ہے۔ ہندوستان نے شہریوں کی وطن واپسی کے لئے ماہان ایئر کی پرواز کی فراہمی کا بھی بندوبست کیا، اور آج 44 مسافروں کے ساتھ ایک پرواز ممبئی پہنچ گئی ہے۔ ممبئی میں ہندوستانی بحریہ کے جانب سے قائم کردہ سہولت میں ان مسافروں کو قرنطینہ میں رکھا گیا ہے۔ متوقع ہے کہ ماہان ایئر کی ایک اور پرواز کل دہلی میں لینڈ کرے گی۔

ضرورت کے مطابق، کوویڈ نیگیٹیو ٹیسٹ ہونے والے ہندوستانیوں کو وطن واپس لانے کے لئے اس طرح کی مزید خصوصی پروازیں چلائی جائیں گی۔ پروٹوکول کے مطابق ہندوستان ایران میں کورونا پوزیٹیو ہوئے افراد کے علاج کے لئے رابطے میں ہے۔

حکومت نے چار ڈاکٹروں کی ایک ٹیم کو وزارت صحت کی جانب سے روم بھیجا ہے۔ وہ ہندوستان میں آگے کی جانچ کے لئے وہاں ہندوستانیوں کے سیمپل اکٹھا کرنے کے لئے ضروری چیزیں اور ری ایجنٹس لے کر ابھی روم پہنچے ہیں۔

اس کے علاوہ، 30 نامزد ہوائی اڈوں پر 10876 پروازوں سے کل 1171061 آئے ہوئے مسافروں کی اسکریننگ کی گئی ہے، جبکہ 3062 مسافروں اور 583 ملاحقین کی نشاندہی کی گئی ہے اور انہیں IDSP / نامزد ہسپتالوں میں بھیج دیا گیا ہے۔ 42296 مسافروں کو کمیونٹی سرویلانس میں رکھا گیا ہے، ان میں سے 2559 پر بیماری کے آثار تھے اور 522 افراد کو اسپتال میں داخل کیا گیا تھا۔ اس کے علاوہ 25504 مسافروں کی بڑے اور چھوٹے سمندری بندرگاہوں پر اسکریننگ کی گئی ہے، اور 14 لاکھ سے زیادہ افراد کی لینڈ پورٹس پر اسکریننگ کی گئی ہے۔

آج تک، ملک میں کوویڈ 19 کے 81 مثبت معاملات ہیں۔ ان میں سے 3 کیرالا سے تعلق رکھنے والے افراد کا علاج کیا گیا اور انہیں ڈسچارج کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ صفدرجنگ اسپتال سے 7 مزید افراد صحتیاب ہو گئے ہیں۔ ان مثبت معاملوں میں سے 64 حالات ہندوستانی شہریوں کے ہیں، جبکہ 16 اطالوی شہری اور 1 کینیڈا کے شہری ہیں۔ ان مریضوں کے رابطے میں آئے ہوئے لوگوں کا سراغ سرگرمی سے لگایا جا رہا ہے۔ اب تک، اس کے نتیجے میں 4000 سے زیادہ رابطوں کی شناخت کی گئی ہے جنہیں سرویلانس میں رکھا گیا ہے۔

تصدیق شدہ معاملات میں ملک میں کووڈ 19 سے پہلی ہلاکت بھی شامل ہے۔ کرناٹک سے تعلق رکھنے والے ایک 76 سالہ شخص کی موت کورونا پوزیٹو ہونے کے ساتھ دوسری بیماریوں کی وجہ سے جیسے دمہ اور ہائی بلڈ پریشر ہونے کی تصدیق کی گئی ہے۔ پروٹوکول کے مطابق تمام احتیاطی تدابیر، جیسے رابطے میں آئے ہوئے لوگوں کی اسکریننگ اور ہوم قرنطینہ، ریاستی محکمہ صحت، کرناٹک نے شروع کیا ہے اور اس پر کڑی نگرانی کی جارہی ہے۔

اس بات کو دہرایا جا رہا ہے کہ ہندوستانی شہریوں کو سختی سے مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ بیرون ملک ہر طرح کے غیر ضروری سفر سے گریز کریں اور حکومت کی طرف سے جاری کردہ سفر کی ایڈوائزری کے مطابق زیادہ کورونا کے معاملات اور اموات درج کرنے والے ممالک میں سفر کرنے سے گریز کریں۔ ہندوستان آنے والے تمام بین الاقوامی مسافروں کو اپنی صحت کی خود نگرانی کرنی چاہئے اور حکومت کے ذریعہ تفصیل کے مطابق مطلوبہ تعلیمات پر عمل کرنا چاہئے۔

بخار، خشک کھانسی، سانس لینے میں دشواری وغیرہ جیسے علامات / آثار کی صورت میں برائے کرم کسی ڈاکٹر سے رابطہ کریں یا وزارت کی 24X7 ہیلپ لائن 011-23978046 پر کال کریں۔ ڈاکٹر سے ملنے کے لئے قدم رکھنے سے پہلے ماسک پہننا یاد رکھیں.

DISCLAIMER : This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.